02-07-2024 TUEYS DAY URDU NEWS BULLETI N 17.50 HRS

سرخیاں

......وزیراعظم نریندر مودی نے آج لوک سبھا میں اپنی تقریر کے دوران زور دے کر کہا کہ ان کی حکومت ملک پہلے کے نعرے کے ساتھ اور صفر کرپشن کی پالیسی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔

......وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت سائبر جرائم کو روکنے اور تلنگانہ کو سائبر سیف ریاست بنانے کے لئے پابند عہد ہے۔اور سائبر کرائم کے ساتھ آہنگی پنجے سے مقابلہ کرے گی۔

......کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کل لوک سبھا میں راہول گاندھی کی اپوزیشن لیڈر کے طور پر کی گئی تقریر پر مایوسی کا اظہار کیا۔

......ریاستی حکومت نے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ٹی جی ایس آر ٹی سی میں 3035 مخلوعہ جائیدادوں کو پر کرنے کی اجازت دی ہے۔

LS PM- EARLY

وزیراعظم نریندر مودی نے آج لوک سبھا میں اپنی تقریر کے دوران زور دے کر کہا کہ ان کی حکومت ملک پہلے کے نعرے کے ساتھ اور صفر کرپشن کی پالیسی کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت سب کیلئے انصاف اور غیر چاپلوسی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ وزیراعظم مودی نے یہ بات لوک سبھا میں آج صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب پر شکریہ کی تحریک کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نے اس موقع پر اپوزیشن کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ جھوٹ اور غلط معلومات پھیلانے کے باوجود اپوزیشن کو لوک سبھا انتخابات میں عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوام نے ان کی حکومت کی پالیسیوں ۔ارادوں اور لگن پر مکمل اعتماد اور بھروسہ ظاہر کیا۔اور یہی وجہ ہے کہ این ڈی اے کو تیسری معیاد میں ایک بار پھر اقتدار حاصل ہوا ہے۔اس موقع پر اپوزیشن اراکین نے مختلف ایشوز پر احتجاج کیا۔ جب وزیراعظم لوک سبھا میں تقریر کر رہے تھے جبکہ اسپیکر اوم برلا نے اپوزیشن کی طرز عمل پر برہمی ظاہر کی۔اور ایوان میں نظم وضبط کی برقراری زور دیا۔ وزیراعظم کی پارلیمنٹ میں تقریر ابھی جاری ہے۔

CYBERCRIME

وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے کہا کہ ان کی حکومت سائبر جرائم کو روکنے اور تلنگانہ کو سائبر سیف ریاست بنانے کے لئے پابند عہد ہے۔ اور سائبر کرائم کے ساتھ آہنگی پنجے سے مقابلہ کرے گی۔انہوں نے کہا کہ اس سال کے دوران ان ہی ریاست میں تقریباً دس ہزار سے زائد ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست ملک کی ان چند ریاستوں میں سے ایک جس میں مکمل طور پر فعال سائبر سیکوریٹی بیورو اور چوبیس گھنٹے سات دن ہر وقت کام کرنے والا ۔1930 ۔کال سنٹر موجود ہے۔حیدرآباد، سائبر آباد۔اور رچہ

کونڈہ کمشنریٹس کے لاء اینڈ آرڈر عہدیداروں کے ساتھ بات چیت کے بعد چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ تلنگانہ ملک کی ان سرفہرست ریاستوں شامل ہے جس میں دھوکہ بازوں کیے بینک کھاتوں کو منجمد کیا گیا۔ جس میں 263 کروڑ روپئے۔ گمشدہ رقم کو بھی منجمد کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات کی لعنت کی وجہ سے خاندان اور نظام بر بار ہورہے ہیں۔ وزیر اعلی نے ریاست میں منشیات کے بڑھتے ہوئے استعمال پر بھی غم وغصہ کا اظہار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست سے منشیات کی لت کو پاک کرنے کے لئے حکومت نے خصوصی عملہ تعینات کیا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ منشیات کی طرف راغب نہ ہوں۔ وزیر اعلی نے فلم اداکاروں سے بھی کہا کہ وہ منشیات کی لعنت کے خلاف مختصر ویڈیو بنائیں اور اسے تھیٹروں میں نمائش کے لئے بار بار پیش کریں۔ قبل ازیں انہوں نے تلنگانہ سائبر سیکوریٹی بیورو ۔ ٹی جی سی ایس بی۔ کو ریاستی حکومت کی جانب سے منظور شدہ 14 نئے فور وہیلرس اور 55 دو پہیہ والی گاڑیوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

KISHAN

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کل لوک سبھا میں راہول گاندھی کی اپوزیشن لیڈر کے طور پر کی گئی تقریر پر مایوسی کا اظہار کیا۔ اپنے بیان میں کشن ریڈی نے کہا کہ راہول گاندھی اپنی ذمہ داری ادا کرنے کے بجائے نفرت انگیز تقریر کی اور پارلیمنٹ کے پلیٹ فارم سے جھوٹی باتیں پھیلانے کا کام کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ راہول گاندھی کی تقریر میں انہوں نے ہندو برداری کو پر تشدد اور نفرت سے بھرا ہوا ظاہر کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ راہول گاندھی کی بھارتیہ جنتا پارٹی اور وزیر اعظم نریندر مودی کے لئے نفرت پوری ہندو برداری اور قوم کے لئے نفرت میں بدل گئی ہے۔ اور ان کا ہندو مخالف ایجنڈہ بے نقاب ہورہا ہے۔ کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی واس کے اتحادیوں پر ہندو طبقے کی توہین کرنے پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل بھی اپوزیشن کی جانب سے سناتھن دھرم کی توہین کی جا چکی ہے۔

REDDY MINES EXHIBITION

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مرکزی مملکتی وزیر ستیش چندر دوبے کے ساتھ آج نئی دہلی کے شاستری بھون میں ڈسٹرکٹ منیرل فاونڈیشن ۔ ڈی ایم ایف۔ گیلری کا افتتاح کیا۔ اس گیلری میں پردھان منتری کھنیج شترا کلیا یوجنا اور سیلف ہلپ گروپ کے تعاون سے تیاری کی گئی مصنوعات کی نمائش کی گئی ہے۔ اس موقع پر کشن ریڈی نے سیلف ہلپ گروپس کی جانب سے تیار کرنے دیسی اشیاء کی تعریف کی۔ بعدازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈی ایم ایف کا یہ اقدام وزیر اعظم کے ویژن کی عکاسی کرتا ہے جنہوں نے کانکنی کے دوران متاثرہ لوگوں کی فلاح و بہبود کے لئے ان سرگرمیوں کے آغاز کی ہدایت دی تھی۔

CS

چیف سکریٹری شانتی کماری نے گورنر سی پی رادھا کرشنن سے آج راج بھون میں ملاقات کی اور آنے والے مانسون اسمبلی سیشن کے ضمن میں بات چیت کی۔ انہوں نے گورنر سے اس وقت ملاقات کی ہے جب ایک دن قبل ہی وزیر اعلی ریونت ریڈی نے راج بھون میں گورنر

سے ملاقات کی اور آنے والے مانسون سیشن اور ریاستی کابینہ کی توسیع سے متعلق بات چیت کی تھی۔ گورنر کے ساتھ چیف سکریٹری کی ملاقات میں ریاستی حکومت کی کابینہ میں توسیع کے علاوہ اسمبلی مانسون اجلاس منعقد کرنے کی تواریخ اور اسے حتمی شکل دینے پر گفتگو کی گئی۔

ED

بی ار ایس کے رکن اسمبلی جی منی پال ریڈی منی لانڈرنگ معاملے میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے روبرو پیش ہوئے۔ واضح رہے کہ ای ڈی کی جانب سے انہیں نوٹس جاری کی گئی تھی۔ جس کے جواب میں وہ انفورسمنٹ ڈائریکٹریٹ کے روبرو پیش ہوئے۔

TGSRTC

ریاستی حکومت نے تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن ٹی جی ایس آر ٹی سی میں 3035 مخلوعہ جائیدادوں کو پر کرنے کی اجازت دی ہے۔ ان 3035 جائیدادوں میں دو ہزار ڈرائیورس۔ 743 مزدور۔ 114 ڈپٹی سپرنٹنڈنس (میکانکس) 84 ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس (ٹریفک) ۔ 25 ڈپو مینجر/اسسٹنٹ ٹریفک منیجر۔ 23 اسسٹنٹ انجینئرس (سیول) 15۔ اسسٹنٹ میکانکل انجینئرس۔ 11 سیکشن آفیسرس (سیول)۔ 7 میڈیکل آفیسر جنرل۔ 7 میڈیکل آفیسر اسپشلیسٹ ۔شامل ہیں۔ ٹی جی ایس آر ٹی سی کے بیان میں بتایا گیا ہے کہ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آر ٹی سی میں مختلف زمروں میں 3035 آسامیوں کی حکومت کی جانب سے منظوری دیئے جانے پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا ہے۔

CALLED OFF

تلنگانہ بے روزگار جوائنٹ ایکشن کمیٹی ۔ جے اے سی۔ کے لیڈر موتی لال نائک نے آج اپنی غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال ختم کردی۔ لیکن نوکریوں پر بھرتیوں کے لئے احتجاج کو تیز کرنے کا عزم کیا۔ جے اے سی قائد موتی لال نائک نے گاندھی ہاسپٹل میں آج نویں دن اپنی بھوک ہڑتال ختم کردی۔ واضح رہے کہ ان کے ساتھ اظہار یگجہتی کے لئے طلبا تنظیموں اور سیاسی پارٹیوں کے قائدین کے یہاں دوروں کی وجہ سے گذشتہ دو دنوں سے حالات کشیدہ صورتحال اختیار کر گئے تھے۔ موتی لال نائک نے ان کی بھوک ہڑتال کی حمایت کرنے پر تمام کا شکریہ ادا کیا۔

SHARMILA

آندھراپردیش کانگریس کمیٹی کی صدر وائی ایس شرمیلا نے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے ان کی رہائش گاہ واقع جوبلی ہلز حیدرآباد پر ملاقات کی۔ اس موقع پر شرمیلا نے وجئے واڑہ میں منعقد ہونے والے سابق وزیر اعلی متحدہ آندھراپردیش وائی ایس راج شیکھر ریڈی کی یوم پیدائش تقاریبات میں شرکت کا دعوت نامہ حوالے کیا۔ اس سے قبل آج صبح انہوں نے نائب وزیر اعلی بھٹی وکرمارکا سے جیوتی باپھولے پرجا بھون میں ملاقات کرتے ہوئے انہیں بھی دعوت نامہ پیش کیا۔ شرمیلا نے کل وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا سے بھی ملاقات کی تھی۔ اور ان سے بھی اس تقریب میں شرکت کی گزارش کی تھی۔

ULMA MEETING

حیدرآباد شہر کے موجودہ حالات قتل وغارت گری کے بڑھتے ہوئے معاملات کے پیش نظر آج یکم جوالائی بروز پیر کو جامع مسجد دارالشفاء میں مولانا محمد حسام الدین ثانی عاقل جعفر پاشاہ کی صدارت میں علماء کرام ومشائخ عظام کا ایک مشاورتی اجلاس کا انعقاد عمل میں آیا۔مولانا محمد حسام الدین ثانی عاقل جعفر پاشاہ نے اپنے پانچ نکاتی تجاویز پیش کیا۔مولانا جعفر پاشاہ نے کہا کہ شہر میں قتل وغارت گری کی روک تھام کیلئے محلّہ واری سطح پر کمیٹیاں تیار کرتے ہوئے زمینی سطح پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔مولانا نے کہا کہ محلّہ کے مشتبہ افراد و نوجوانوں کی نشاندہی کرتے ہوئے اصلاح کی جانی چاہیے۔مولانا نے نوجوانوں کا رات بھر جاگنے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وارڈ ممبر و کونسلر سے رجوع ہوکر نوجوانوں کی نشاندہی کر کے ان کی اصلاح کی جانی چاہیے۔مولانا جعفر پاشاہ نے کہا کہ ہر مکتبہ فکر کے علماء کرام کے ذریعہ ہر محلّہ میں اصلاحی معاشرہ پروگرامس کے انعقاد کیا جانا چاہیے۔جس پر تمام شرکاء نے تائید کی۔اس موقع پر مشاورتی اجلاس میں موجود شرکاء نے اپنے اپنے تجاویز پیش کئے اور شہر میں جاری قتل وغارت گری کی مذمت کی۔مولانا اکبر نظام الدین نے شہر میں قتل وغارت گری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس کی اصل وجہ آپسی مخاصمت ہے۔اور کہا کہ تلنگانہ میں نئے قوانین کا نفاذ مسلمان طبقہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے بنایا گیا جو کہ قابل تشویش ہے۔مولانا عبدالقوی نے کہا کہ تمام مکتبہ فکر کے علماء کرام کو مشترکہ طور پر میدانی سطح پر مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔مولانا مفتی غیاث الدین رحمانی نے قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹ لیتے ہوئے کہا کہ قاتلین کا سماجی بائیکاٹ ہونا چاہیے اور سیاسی قائدین اپنی پشت پناہی سے ان کو باز رکھیں مولانا نے کہا کہ قاتلین کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کیلئے قدم اٹھانا چاہیے۔مولانا سعید پاشاہ نے کہا کہ قتل وغارت گری کی روک تھام کیلئے حکومت و پولیس کے علاوہ ہم سب کی بھی ذمہ داری ہے۔مولانا نے کہا کہ نئے قوانین کا نفاذ حکومت کی نااہلی کا ثبوت ہے۔مولانا حسن الحمومی نے شرکاء کو واقف کروایا کہ شہر میں تعلیم یافتہ افراد پر مشتمل ٹیم بنا کر جرائم کا ارتکاب کیا جارہا ہے۔مولانا احسن حمومی نے جرائم کی روک تھام کیلئے تجویز پیش کرتے ہوئے کہا مجرموں کا سماجی بائیکاٹ کیا جانا چاہیے۔ان کے علاوہ دیگر شرکاء نے بھی اپنی اپنی قیمتی تجاویز پیش کیں۔مولانا شاہ جمال الرحمٰن صاحب نے بھی تجاویز کی تائید کی۔اس اجلاس میں مولانا سید اکبر نظام الدین سجادہ نشین درگاہ شاہ خاموشؒ،مولانا عبد القوی ناظم مدرسہ اشرف العلوم،مولانا محمد صادق محی الدین سابق مفتی جامعہ نظامیہ،مولانا محمد غیاث الدین رحمانی مہتمم دارالعلوم رحمانیہ،مولانا مفتی عبدالرحیم بانعیم ناظم مجلس علمیہ،مولانا غیاث احمد رشادی صدر صفا بیت المال،مولانا ارشد علی قاسمی صدر تحفظ ختم نبوت،مولانا سید معراج الدین ابرار ناظم مدرسہ انوارالہدی،مولانا ضیاء الدین نیر صدر تعمیر ملت، جناب اظہر الدین رکن جماعت اسلامی،مولانا حکیم خیر الدین صوفی صدر صوفی علماء کونسل،مولانا سعید احمد الحسینی سعید پاشاہ صدر قادریہ انٹرنیشنل اکیڈمی،مولانا احسن الحمومی امام وخطیب مسجد باغ عام،مولانا سید کلیم اللہ حسینی کاشف پاشاہ نائب صدر آل انڈیا درگاہ کمیٹی،مولانا عمر عابدین صدر ملی کونسل،سید سلیم اللہ مفتاحی،مولانا محمد احمد محی الدین حسامی ناظم دارالقضاء،مولانا مفتی عمیر احمد قاسمی نائب قاضی شریعت دارالقضاء،مولانا سید قدیر احمد معاون دارالقضاء،محمد زید حسامی و دیگر موجود تھے۔مولانا مفتی صادق محی الدین سابق مفتی جامعہ نظامیہ کی دعاء پر مجلس کا اختتام عمل میں آیا۔مولانا نے محلّہ کے ذمہ داروں سے اپیل کی کہ جو حضرات اپنے محلّہ میں اصلاحی معاشرہ کے کام انجام دینا چاہتے ہیں وہ حسامیہ منزل پنجہ شاہ حیدرآباد سے 3 بجے تا شام بجے ربط پیدا کریں۔